# صوبائی اسمبلی پنجاب

# مباحثات

سوموار ۵ نومبر ۱۹۹۰ء

دوشنبہ ۱۶ ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ

جلد ۱ ـــــ شمارہ ۱

## سرکاری رپورٹ

## مندرجات

سوموار ۵ نومبر ۱۹۹۰ء

| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تلاوت قرآن پاک | ۳ |
| اراکین کا حلف | ۴ |
| سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخابات کے بارے میں اعلانات | ۱۳ |

# اجلاس کی طلبی کا فرمان

No. LEGIS - 1(21) 90/153 Dated Lahore the 3rd Nov, 1990

In exercise of the powers conferred by Article 109 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I, Mian Muhammad Azhar, Governor of the Punjab, hereby summon the Provincial Assembly of the Punjab to meet on Monday, the 5th November, 1990 at 9 .00 a. m. in the Assembly Chambers, Lahore.

Dated LAHORE, THE
November 3, 1990.

MIAN MUHAMMAD AZHAR
"Governor of the Punjab"

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا پہلا اجلاس

سوموار 5 نومبر 1990ء

(دو شنبہ 16 ربیع الثانی 1411ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں 9 بجے صبح منعقد ہوا۔ جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ قاری سید قاری صداقت علی نے پیش کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى
الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ
وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ
اِلٰٓى اَھْلِھَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ○
يٰٓاَيُّھَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي
الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ
وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ
ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ○

سورۃ آل عمران آیت ۱۰۴ سورۃ النساء آیت ۵۸-۵۹

اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے۔ یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں ○ خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو۔ اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو۔ خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بے شک خدا سنتا (اور) دیکھتا ہے ○ مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو۔ یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے ○

وما علینا الا البلاغ

میاں منظور احمد موہل: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: حلف لینے سے پہلے آپ اسمبلی کے ممبر نہیں ہیں۔

میاں منظور احمد موہل: قومی اسمبلی میں بھی حلف لینے سے پہلے پوائنٹ آف آرڈر ہوا ہے۔

جناب سپیکر: یہ کوئی ایسی روایت نہیں کہ جس کی پیروی کی جائے۔ جس وقت تک حلف نہیں ہو جاتا، اس وقت تک آپ ممبر نہیں ہیں اور ابھی آپ اجلاس کی کارروائی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

## اراکین اسمبلی کا حلف

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ معزز اراکین! اب حلف برداری کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ یہ حلف نامہ آپ کی نشستوں پر موجود ہے۔ اسے آپ میرے ساتھ ساتھ پڑھیں گے۔ آپ براہ کرم اپنی اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں (اس مرحلہ پر فاضل اراکین مشترکہ حلف اٹھانے کے لئے اپنی اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے) فاضل اراکین نے حلف اٹھایا۔

اس نشست میں جن اراکین نے حلف اٹھایا ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | نام رکن | حلقہ | نیابت |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر محمد افضل اعزاز | پی پی 1 | راولپنڈی I |
| 2 | جناب بادشاہ میر خان آفریدی | پی پی 2 | راولپنڈی II |
| 3 | جناب محمد حنیف چودھری | پی پی 3 | راولپنڈی III |
| 4 | جناب محمد بشارت راجہ | پی پی 4 | راولپنڈی IV |
| 5 | جناب غلام سرور خان | پی پی 4 | راولپنڈی V |
| 6 | جناب شوکت محمود بھٹی | پی پی 7 | راولپنڈی VII |
| 7 | راجہ اشفاق سرور خان | پی پی 8 | راولپنڈی VIII |
| 8 | جناب محمد یامین | پی پی 9 | راولپنڈی IX |
| 9 | چودھری محمد ریاض | پی پی 10 | راولپنڈی X |
| 10 | راجہ جاوید اخلاص | پی پی 11 | راولپنڈی XI |
| 11 | جناب تاج محمد خان زادہ | پی پی 13 | اٹک II |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | جناب ملک گلاب خان | پی پی 14 | اٹک III |
| 13 | ملک عطاء محمد خان | پی پی 15 | اٹک IV |
| 14 | چودھری لیاقت علی خان | پی پی 16 | چکوال I |
| 15 | ملک شہباز خان | پی پی 17 | چکوال II |
| 16 | بیگم فوزیہ بہرام | پی پی 18 | چکوال III |
| 17 | ملک سلیم اقبال | پی پی 19 | چکوال IV |
| 18 | چودھری خادم حسین | پی پی 20 | جہلم I |
| 19 | راجہ محمد خالد خان | پی پی 21 | جہلم II |
| 20 | راجہ ناصر علی خان | پی پی 22 | جہلم III |
| 21 | جناب مظہر احمد قریشی | پی پی 23 | سرگودھا I |
| 22 | صاحبزادہ غلام نصیرالدین سیالوی | پی پی 24 | سرگودھا II |
| 23 | چودھری عبدالحمید | پی پی 25 | سرگودھا III |
| 24 | مہر غلام دستگیر لک | پی پی 26 | سرگودھا IV |
| 25 | چودھری فرخ جاوید گھمن | پی پی 27 | سرگودھا V |
| 26 | چودھری عامر سلطان چیمہ | پی پی 28 | سرگودھا VI |
| 27 | میاں مناظر علی رانجھا | پی پی 29 | سرگودھا VII |
| 28 | جناب شاہ نواز رانجھا | پی پی 30 | سرگودھا VIII |
| 29 | جناب احمد خان ہرل | پی پی 31 | سرگودھا IX |
| 30 | شیخ انوار الحق پراچہ | پی پی 32 | سرگودھا X |
| 31 | ملک مختار احمد اعوان | پی پی 33 | خوشاب I |
| 32 | ملک خدا بخش ٹوانہ | پی پی 34 | خوشاب II |
| 33 | ملک خدا بخش وڈھل | پی پی 35 | خوشاب III |
| 34 | حاجی غلام رسول خان | پی پی 36 | میانوالی I |
| 35 | خان عامر حیات خان روکڑی | پی پی 37 | میانوالی II |
| 36 | جناب محمد سبطین خان | پی پی 39 | میانوالی IV |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 37 | ملک امان اللہ | پی پی 40 | بھکر I |
| 38 | ملک غضنفر علی | پی پی 41 | بھکر II |
| 39 | جناب نعیم اللہ خان شاہانی | پی پی 42 | بھکر III |
| 40 | جناب خالد محمود خان | پی پی 44 | فیصل آباد II |
| 41 | حاجی محمد نواز خان کلیار | پی پی 45 | فیصل آباد III |
| 42 | چودھری محمد اکرم | پی پی 46 | فیصل آباد IV |
| 43 | رائے رب نواز خان | پی پی 47 | فیصل آباد V |
| 44 | چودھری محمد صفدر شاکر | پی پی 48 | فیصل آباد VI |
| 45 | چودھری مظہر علی گل | پی پی 49 | فیصل آباد VII |
| 46 | جناب پرویز سلطان | پی پی 50 | فیصل آباد VIII |
| 47 | میاں محمد فاروق | پی پی 51 | فیصل آباد IX |
| 48 | چودھری طالب حسین | پی پی 52 | فیصل آباد X |
| 49 | چودھری عبدالحمید | پی پی 53 | فیصل آباد XI |
| 50 | جناب محمد افضل ساہی | پی پی 54 | فیصل آباد XII |
| 51 | جناب قمر زمان اعوان | پی پی 55 | فیصل آباد XIII |
| 52 | ملک محمد دین | پی پی 56 | فیصل آباد XIV |
| 53 | سید طاہر احمد شاہ | پی پی 57 | فیصل آباد XV |
| 54 | جناب محمد انور علی خان | پی پی 60 | فیصل آباد XVIII |
| 55 | جناب علی حسن رضا قاضی | پی پی 61 | جھنگ I |
| 56 | مہر دوست محمد لالی | پی پی 62 | جھنگ II |
| 57 | سردار زادہ محمد طاہر شاہ | پی پی 63 | جھنگ III |
| 58 | مہر محمد نواز خان بھروانہ | پی پی 64 | جھنگ IV |
| 59 | سید چراغ اکبر شاہ | پی پی 67 | جھنگ VII |
| 60 | جناب غضنفر علی خان | پی پی 68 | جھنگ VIII |
| 61 | مہر مظفر علی خان | پی پی 69 | جھنگ IX |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 62 | جناب ریاض فتیانہ | پی پی 71 | ٹوبہ ٹیک سنگھ I |
| 63 | مخدوم سید علی رضا شاہ | پی پی 72 | ٹوبہ ٹیک سنگھ II |
| 64 | جناب عبدالستار | پی پی 73 | ٹوبہ ٹیک سنگھ III |
| 65 | سردار مراد خان کاہمی | پی پی 74 | ٹوبہ ٹیک سنگھ IV |
| 66 | حاجی غلام ربانی | پی پی 75 | ٹوبہ ٹیک سنگھ V |
| 67 | چودھری امجد علی وڑائچ | پی پی 76 | ٹوبہ ٹیک سنگھ VI |
| 68 | راجہ خلیق اللہ خان | پی پی 77 | گوجرانوالہ I |
| 69 | جناب نور محمد تارڑ | پی پی 79 | گوجرانوالہ III |
| 70 | چودھری مہدی حسن بھٹی | پی پی 80 | گوجرانوالہ IV |
| 71 | میاں انتصار حسین بھٹی | پی پی 81 | گوجرانوالہ V |
| 72 | چودھری عبدالوکیل خان | پی پی 83 | گوجرانوالہ VII |
| 73 | چودھری ظفراللہ چیمہ | پی پی 84 | گوجرانوالہ VIII |
| 74 | چودھری محمد اقبال | پی پی 85 | گوجرانوالہ IX |
| 75 | چودھری محمد اعظم چیمہ | پی پی 86 | گوجرانوالہ X |
| 76 | چودھری شاہد اکرم بھنڈر | پی پی 87 | گوجرانوالہ XI |
| 77 | مہر محمد سلیم | پی پی 88 | گوجرانوالہ XII |
| 78 | جناب عثمان ابراہیم | پی پی 89 | گوجرانوالہ XIII |
| 79 | جناب ایس اے حمید | پی پی 90 | گوجرانوالہ XIV |
| 80 | میاں عمران مسعود | پی پی 91 | گجرات I |
| 81 | چودھری غلام سرور | پی پی 92 | گجرات II |
| 82 | چودھری وجاہت حسین | پی پی 93 | گجرات III |
| 83 | چودھری پرویز الٰہی | پی پی 94 | گجرات IV |
| 84 | چودھری محمد فاروق | پی پی 95 | گجرات V |
| 85 | چودھری محمد اسلم | پی پی 96 | گجرات VI |
| 86 | میاں طارق محمود | پی پی 97 | گجرات VII |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 87 | میاں وحید الدین | پی پی 98 | گجرات VIII |
| 88 | پیر محمد یعقوب شاہ | پی پی 99 | گجرات IX |
| 89 | حاجی محمد افضل چن | پی پی 100 | گجرات X |
| 90 | چودھری اکرام اللہ رانجھا | پی پی 101 | گجرات I |
| 91 | جناب خوش اختر سبحانی | پی پی 104 | سیالکوٹ III |
| 92 | رانا شمیم احمد خان | پی پی 105 | سیالکوٹ IV |
| 93 | چودھری صداقت علی | پی پی 107 | سیالکوٹ VI |
| 94 | سید افتخار الحسن شاہ | پی پی 108 | سیالکوٹ VII |
| 95 | چودھری سکندر حیات ملہی | پی پی 109 | سیالکوٹ VIII |
| 96 | جناب محمد نصیر خان | پی پی 110 | سیالکوٹ IX |
| 97 | چودھری غلام احمد خان | پی پی 111 | سیالکوٹ X |
| 98 | صاحبزادہ سید مظہر الحسن عرف چن پیر | پی پی 112 | سیالکوٹ XI |
| 99 | جناب عتیق الرحمان | پی پی 114 | سیالکوٹ XIII |
| 100 | میاں محمد رشید | پی پی 115 | سیالکوٹ XIV |
| 101 | میاں محمود احمد | پی پی 116 | لاہور I |
| 102 | جناب ارشاد حسین ہیٹی | پی پی 117 | لاہور II |
| 103 | الحاج شیخ روحیل اصغر | پی پی 118 | لاہور III |
| 104 | جناب حاکم علی بھٹی | پی پی 119 | لاہور IV |
| 105 | ملک محمد صادق | پی پی 121 | لاہور VI |
| 106 | حاجی محمد شریف | پی پی 122 | لاہور VII |
| 107 | حافظ سلمان بٹ | پی پی 125 | لاہور X |
| 108 | جناب سہیل ضیاء بٹ | پی پی 126 | لاہور XI |
| 109 | میاں محمود الرشید | پی پی 127 | لاہور XII |
| 110 | چودھری اختر رسول | پی پی 128 | لاہور XIII |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 111 | میاں شہباز احمد | پی پی 129 | لاہور XIV |
| 112 | چودھری محمد حیات | پی پی 130 | لاہور XV |
| 113 | میجر (ریٹائر) حبیب اللہ خان | پی پی 131 | لاہور XVI |
| 114 | جناب محمد اکرم بٹ | پی پی 132 | لاہور XVII |
| 115 | چودھری شوکت علی | پی پی 133 | لاہور XVIII |
| 116 | چودھری اعجاز احمد چیمہ | پی پی 135 | شیخوپورہ II |
| 117 | ملک سرفراز احمد | پی پی 136 | شیخوپورہ III |
| 118 | حاجی محمد نواز | پی پی 137 | شیخوپورہ IV |
| 119 | سردار محبوب احمد ڈوگر | پی پی 138 | شیخوپورہ V |
| 120 | ملک ذوالفقار احمد اعوان | پی پی 139 | شیخوپورہ VI |
| 121 | جناب عبدالرشید | پی پی 140 | شیخوپورہ VII |
| 122 | میاں زاہد نیمین | پی پی 141 | شیخوپورہ VIII |
| 123 | جناب شاہد منظور گل | پی پی 142 | شیخوپورہ IX |
| 124 | مہر سعید احمد ظفر | پی پی 143 | شیخوپورہ X |
| 125 | آغا غلام حیدر | پی پی 144 | شیخوپورہ XI |
| 126 | حاجی غلام صابر انصاری | پی پی 145 | قصور I |
| 127 | حاجی سردار احمد خان | پی پی 146 | قصور II |
| 128 | چودھری محمد الیاس خان | پی پی 147 | قصور III |
| 129 | سردار طفیل احمد خان | پی پی 148 | قصور IV |
| 130 | رانا پھول محمد خان | پی پی 149 | قصور V |
| 131 | سردار محمد عارف نکئی | پی پی 150 | قصور VI |
| 132 | جناب مختار احمد | پی پی 151 | قصور VII |
| 133 | سردار حسن اختر موکل | پی پی 152 | قصور VIII |
| 134 | چودھری شفقت عباس | پی پی 153 | اوکاڑہ I |
| 135 | رانا اکرام ربانی | پی پی 154 | اوکاڑہ II |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 136 | رائے نور محمد کھرل | پی پی 155 | اوکاڑہ III |
| 137 | جناب ممتاز علی | پی پی 156 | اوکاڑہ IV |
| 138 | ملک محمد عباس خان کھوکھر | پی پی 157 | اوکاڑہ V |
| 139 | سید افضال علی شاہ | پی پی 158 | اوکاڑہ VI |
| 140 | میاں منظور احمد وٹو | پی پی 159 | اوکاڑہ VII |
| 141 | ملک صلاح الدین ڈوگر | پی پی 160 | ملتان I |
| 142 | حاجی محمد بوٹا | پی پی 161 | ملتان II |
| 143 | الحاج سعید احمد قریشی | پی پی 162 | ملتان III |
| 144 | شیخ محمد طاہر رشید | پی پی 163 | ملتان IV |
| 145 | مخدوم سید محمد احسن شاہ | پی پی 164 | ملتان V |
| 146 | حاجی ملک سکندر حیات خان بوسن | پی پی 165 | ملتان VI |
| 147 | مخدوم زادہ شاہ محمود قریشی | پی پی 166 | ملتان VII |
| 148 | مخدوم زادہ مرید حسین قریشی | پی پی 167 | ملتان VIII |
| 149 | نواب لیاقت علی خان | پی پی 168 | ملتان IX |
| 150 | دیوان سید عاشق حسین بخاری | پی پی 169 | ملتان X |
| 151 | خان احمد خان بلوچ | پی پی 170 | ملتان XI |
| 152 | جناب محمد صدیق خان | پی پی 171 | ملتان XII |
| 153 | ملک طیب خان اعوان | پی پی 172 | ملتان XIII |
| 154 | ملک سجاد حسین خان جوئیہ | پی پی 173 | ملتان XIV |
| 155 | سردار حاجی خضر حیات خان | پی پی 174 | خانیوال I |
| 156 | ڈاکٹر سید خاور علی شاہ | پی پی 175 | خانیوال II |
| 157 | سردار اللہ یار خان ہراج | پی پی 176 | خانیوال III |
| 158 | جناب عرفان احمد خان ڈاہا | پی پی 177 | خانیوال IV |
| 159 | جناب غلام حیدر وائیں | پی پی 178 | خانیوال V |
| 160 | ملک محمد ذاکر | پی پی 179 | خانیوال VI |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 161 | ملک ارشد حسین میتلا | پی پی 180 | خانیوال VII |
| 162 | جناب ایم لطیف مغل | پی پی 181 | ساہیوال I |
| 163 | جناب جلال الدین ڈھکو | پی پی 183 | ساہیوال III |
| 164 | ملک اقبال احمد خان لنگڑیال | پی پی 184 | خانیوال IV |
| 165 | رائے حسن نواز خان | پی پی 185 | ساہیوال V |
| 166 | پیر احمد شاہ کھگہ | پی پی 186 | ساہیوال VI |
| 167 | میاں محمد امجد جوئیہ | پی پی 187 | ساہیوال بشمول پاکپتن |
| 168 | میاں محمد اشرف جوئیہ | پی پی 188 | ساہیوال VIII |
| 169 | پیر اللہ یار چشتی | پی پی 189 | ساہیوال |
| 170 | میاں گوہر فرید احمد خان مانیکا | پی پی 190 | پاکپتن I |
| 171 | جناب محمد شاہ کھگہ | پی پی 191 | پاکپتن II |
| 172 | میاں محفوظ احمد | پی پی 192 | وہاڑی I |
| 173 | حاجی سعید احمد خان منیس | پی پی 193 | وہاڑی II |
| 174 | حاجی غلام حیدر خان کچھی | پی پی 194 | وہاڑی III |
| 175 | چودھری نذر محمد وگل | پی پی 195 | وہاڑی IV |
| 176 | خان زادہ محمد ضرغام خان خاکوانی | پی پی 196 | وہاڑی V |
| 177 | چودھری نذیر احمد | پی پی 197 | وہاڑی VI |
| 178 | الحاج پیر ذوالفقار علی چشتی | پی پی 198 | وہاڑی VII |
| 179 | جناب ظہور احمد خان | پی پی 199 | ڈی جی خان I |
| 180 | سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ | پی پی 201 | ڈی جی خان III |
| 181 | سردار مقصود احمد خاں لغاری | پی پی 202 | ڈی جی خان IV |
| 182 | سردار منصور احمد خان لغاری | پی پی 203 | ڈی جی خان V |
| 183 | سردار نصراللہ خان دریشک | پی پی 204 | راجن پور III |
| 184 | جناب فرحت عزیز مزاری | پی پی 206 | راجن پور II |
| 185 | سردار عاشق حسین خان گوپانگ | پی پی 207 | مظفر گڑھ I |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 186 | سردار الحاج نذر محمد خان جتوئی | پی پی 208 | مظفر گڑھ II |
| 187 | حاجی محمد اقبال لغاری | پی پی 209 | مظفر گڑھ III |
| 188 | نوابزادہ منصور احمد خان | پی پی 210 | مظفر گڑھ IV |
| 189 | سردار امجد حمید دستی | پی پی 211 | مظفر گڑھ V |
| 190 | ملک غلام محمد نور ربانی کھر | پی پی 212 | مظفر گڑھ VI |
| 191 | ملک سلطان محمود ہنجرا | پی پی 213 | مظفر گڑھ VII |
| 192 | چودھری اصغر علی | پی پی 215 | لیہ I |
| 193 | ملک غلام حیدر تھند | پی پی 216 | لیہ II |
| 194 | ملک احمد علی اولکھ | پی پی 217 | لیہ III |
| 195 | ملک قادر بخش | پی پی 218 | بہاولپور I |
| 196 | صاحب زادہ محمد عثمان خان عباسی | پی پی 219 | بہاولپور II |
| 197 | میاں شہاب الدین اویسی | پی پی 220 | بہاولپور II |
| 198 | چودھری محمد اقبال | پی پی 221 | بہاولپور III |
| 199 | سید وسیم اختر | پی پی 222 | بہاولپور V |
| 200 | سید سلمان احمد گردیزی | پی پی 223 | بہاولپور VI |
| 201 | سید محمد سجاد حسین بخاری | پی پی 224 | بہاولپور VII |
| 202 | حاجی خادم حسین وٹو | پی پی 225 | بہاولنگر I |
| 203 | میاں شوکت علی | پی پی 226 | بہاولنگر II |
| 204 | میاں منظور احمد موہل | پی پی 227 | بہاولنگر III |
| 205 | جناب محمد طاہر محمود | پی پی 228 | بہاولنگر IV |
| 206 | چودھری محمد بشیر | پی پی 230 | بہاولنگر VI |
| 207 | چودھری محمد اکرم | پی پی 231 | بہاولنگر VII |
| 208 | خواجہ محمد اصغر کوریجہ | پی پی 232 | رحیم یار خان I |
| 209 | چودھری مسعود احمد | پی پی 233 | رحیم یار خان II |
| 210 | میاں عبدالستار | پی پی 234 | رحیم یار خان III |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 211 | سیٹھ محمد اسلم | پی پی 235 | رحیم یار خان IV |
| 212 | مخدوم مشرف حسین | پی پی 236 | رحیم یار خان V |
| 213 | چودھری محمد جعفر اقبال | پی پی 237 | رحیم یار خان VI |
| 214 | سید علی اکبر محمود | پی پی 238 | رحیم یار خان VII |
| 215 | جناب شوکت داؤد | پی پی 239 | رحیم یار خان VIII |
| 216 | سردار محمد اظہر لغاری | پی پی 240 | رحیم یار خان IX |

**جناب سپیکر:** سیکرٹری اسمبلی آپ اراکین کے نام باری باری پکاریں گے اور متعلقہ رکن اپنی باری پر حلف کے رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کریں گے۔

(اس مرحلہ پر فاضل اراکین نے باری باری حلف کے رجسٹر پر اپنے اپنے دستخط ثبت فرمائے)

**جناب سپیکر:** معزز خواتین و حضرات! اب سیکرٹری اسمبلی ' سپیکراور ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے بارے میں اعلان کریں گے۔ اس کے علاوہ میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ کچھ صاحبان حلف نہیں اٹھا سکے ان سے میں یہ کہوں گا کہ پرسوں جس وقت اجلاس ہو گا تو وہ تشریف لائیں سب سے پہلے ان کے دستخط ہو جائیں گے اس کے بعد ایوان کی کارروائی شروع ہو گی۔ اب سیکرٹری اسمبلی سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے بارے میں کچھ اعلانات کریں گے۔

## سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخابات کے بارے میں اعلانات

**سیکرٹری اسمبلی:** محترم / محترمہ۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین بابت 1973ء کے آرٹیکل 108 اور قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1973ء کے قاعدہ 8 اور 9 کے مطابق سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

1۔ کاغذات نامزدگی 6 نومبر 1990ء کو 5.00 بجے شام تک سیکرٹری پنجاب اسمبلی کے پاس دائر کئے جا سکیں گے۔

2۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال سیکرٹری اسمبلی اپنے دفتر میں 6 نومبر 1990ء کو مندرجہ ذیل اوقات میں کریں گے۔

(الف) سپیکر کے لئے 5.30 بجے شام
(ب) ڈپٹی سپیکر کے لئے 6.00 بجے شام
3۔ کاغذات نامزدگی 6 نومبر 1990ء کو 11.00 بجے رات تک واپس لئے جا سکیں گے۔
4۔ رائے شماری 'اگر ضروری ہوئی' 7 نومبر 1990ء کو 9.00 بجے صبح منعقد ہوگی۔

**جناب سپیکر:** اب اجلاس کی کارروائی پرسوں یعنی مورخہ 7 نومبر 1990ء صبح نو بجے تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے۔

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی بدھ 7 نومبر 1990ء نو بجے صبح تک کے لئے ملتوی کی گئی)

صوبائی اسمبلی پنجاب

# مباحثات

بدھ، ۷ نومبر، ۱۹۹۰ء

چہارشنبہ ۱۸ ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ

جلد ۱ ——— شمارہ ۲

## سرکاری رپورٹ

## مندرجات

بدھ، ۷ نومبر ۱۹۹۰

| | |
|---|---|
| تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ | ۱۵ |
| اراکین کا حلف | ۱۶ |
| جناب سپیکر کا حلف | ۱۸ |
| ڈپٹی سپیکر کا انتخاب | ۳۰ |
| جناب ڈپٹی سپیکر کا حلف | ۳۱ |

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا پہلا اجلاس

### بدھ 7 نومبر 1990ء

(چہار شنبہ 18 ربیع الثانی 1411ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں 10.30 بجے صبح منعقد ہوا۔ جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ قاری سید صداقت علی نے پیش کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا
وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ
قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ
مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○ پارہ ۴ سورۃ آل عمران، آیت نمبر ۱۰۳

اور سب مل کے خدا کی (ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔ اور خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو خدا نے تم کو اس سے بچا لیا۔ اس طرح خدا تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ ○

وما علینا الا البلاغ

# اراکین اسمبلی کا حلف

**جناب سپیکر:** آج کا دن سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے لیے مخصوص ہے ۔ اس سے پہلے سیکرٹری اسمبلی اس انتخاب کے بارے میں کچھ تفصیلات سے آپ کو آگاہ کریں۔ چند معزز اراکین اسمبلی کا حلف باقی ہے ۔ اس لیے پہلے میں ان ممبران اسمبلی سے کہوں گا کہ وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں تاکہ ان سے حلف لیا جائے۔

**الحاج رانا پھول محمد خان:** پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا! آج آپ سابقہ سپیکر کی حیثیت سے اجلاس کی صدارت نہیں فرماسکتے ۔ رات بارہ بجے کے بعد آپ کی سابقہ سپیکر کی حیثیت ختم ہو چکی ہے ۔ آپ بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہو چکے ہیں ۔چنانچہ سب سے پہلے آپ کو نئے سپیکر کی حیثیت سے ایوان کے سامنے حلف اٹھانا چاہیے۔ اس کے بعد ارکان اسمبلی آپ کے سامنے حلف اٹھائیں گے ۔ میرا نکتہ یہ ہے کہ آپ خود حلف اٹھائے بغیر ارکان اسمبلی کا حلف نہیں لے سکتے ۔ کیونکہ آپ کی سابقہ سپیکر کی حیثیت ختم ہو چکی ہے اور رات بارہ بجے کے بعد آپ نئے سپیکر ہیں ۔ پہلے آپ کو حلف اٹھانا ہو گا ۔ اس کے بعد آپ صدارت کریں گے۔ نئے سپیکر کے منتخب ہونے تک سابقہ سپیکر کام کریں گے۔ لیکن جب نیا سپیکر منتخب ہو جائے تو سابقہ سپیکر کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے ۔

**جناب سپیکر:** جس وقت تک نئے سپیکر کے انتخاب کی فارمل اناؤنسمنٹ (رسمی اعلان) نہیں ہو جاتی، اس وقت تک سابقہ سپیکر اپنی اسی حیثیت سے کام کریں گے ۔ اب آرڈر آف دی ڈے کے مطابق جن معزز اراکین اسمبلی کا حلف نہیں ہوا ، ان کا حلف لوں گا اس کے بعد سیکرٹری اسمبلی ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے بارے میں اعلان کریں گے ۔ جب وہ اعلان کر لیں گے تو اس کے بعد میرا حلف ہو گا ۔

(اس مرحلہ پر جناب سپیکر نے معزز اراکین اسمبلی سے حلف لیا اور معزز اراکین نے حلف کے رجسٹر پر دستخط کیے)

اس نشست میں جن اراکین نے حلف اٹھایا ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

1۔ مہر محمد اسلم خان بھروانہ — پی پی 66 جھنگ VI
2۔ جناب اعجاز احمد شیخ — پی پی 102 سیالکوٹ I
3۔ جناب محمد ارشد خان لودھی — پی پی 182 ساہیوال II
4۔ جناب محسن عطا خان — پی پی 200 ڈیرہ غازیخان II

**جناب سہیل ضیا بٹ:** پوائنٹ آف آرڈر

**جناب سپیکر:** جی بٹ صاحب

**جناب سہیل ضیا بٹ:** جناب سپیکر! اس وقت ہندو بابری مسجد میں پوجا پاٹ کر رہے ہیں۔ اور ہم سب بحیثیت مسلمان اس اسمبلی میں بیٹھے ہیں اور ہم نے حلف بھی لیا تھا۔ اور اب یہ معاملہ اس حد تک بڑھ چکا ہے کہ ہم اسکی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ میں ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ آج اس سلسلے میں قرارداد مذمت پاس کی جائے شکریہ۔

**جناب سپیکر:** میاں محمود الرشید صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر بات کریں گے۔

**میاں محمود الرشید:** جناب سپیکر! میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ہمیں جو اسمبلی میں سیٹیں الاٹ کی گئیں وہ انگریزی کے حروف تہجی کے حساب کے الاٹ کی گئیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیٹیں ہمیں اردو کے حروف تہجی کے حساب سے الاٹ کی جانی چاہیں۔ اور یہ ہماری آئینی ضرورت بھی ہے اور آئین میں اس بات کی تشریح موجود ہے۔ ہمیں بتدریج ہر شعبے میں اور ہر سطح پر اردو کو رائج کرنا ہے۔ یہ منطق میری سمجھ میں نہیں آئی کہ یہاں انگریزی حروف تہجی کے اعتبار سے سیٹیں کیوں الاٹ کی گئیں ہیں۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ آئندہ اردو حروف تہجی کے اعتبار سے ہمیں سیٹیں الاٹ کی جائیں۔

**جناب سپیکر:** Normaly اس دفعہ اس سیشن کے لئے یہ انتظامات ہیں۔ اگلے اجلاس کیلئے Seating arrangements کے سلسلے میں آپکو اطلاع دے دیں گے۔

**حافظ سلمان بٹ:** جناب سپیکر! صوبہ پنجاب کی عوام کے احساسات اور جذبات کا یہ ایوان آئینہ دار ہے۔ اس میں جو نظم و ضبط کیا گیا ہے۔ وہ پنجاب کے عوام کے Faith کا پتہ دیتا ہے لیکن میں بڑی معذرت کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلا اجلاس ایک گھنٹہ تاخیر سے اور آج کا اجلاس ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر سے شروع ہوا ہے جو لوگ بروقت اجلاس کی کارروائی کے لیے آتے ہیں وہ محسوس کرتے ہیں کہ شاید انکو سزا دی گئی ہے کہ وہ یہاں بیٹھ کر انتظار کریں۔ میں آپ سے درخواست کرونگا کہ ایوان کے وقت کااعلان کیا جائے۔ اور اس میں اگر دو چار منٹ کی تاخیر ہو بھی جائے تو مناسب ہے لیکن ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر سے اجلاس کی کارروائی شروع کی جائے یہ مناسب نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** حافظ صاحب! اس سلسلے میں یہ پریکٹس رہی ہے کہ سپیکر اس وقت ایوان میں آتا ہے

جب ایوان میں کورم پورا ہو اور جو خصوصی اجلاس ہیں جس میں سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا انتخاب ہوتا ہے۔ یہ خصوصی اجلاس ہیں اور اسطرح چیف منسٹر صاحب کی کثرت رائے کا تعین ہونا ہو وہ بھی سپیشل اجلاس کہلاتا ہے۔ اس میں ایک چیز کو ملحوظ خاطر رکھنا ہوتا ہے۔ کہ معزز ایوان میں زیادہ سے زیادہ معزز اراکین کی تعداد آجائے تو اسکے بعد کارروائی شروع کی جاتی ہے۔

**حافظ سلمان بٹ:** جناب سپیکر! یہ آپکے سوچنے کی بات نہیں۔ یہ ہم سب کے سوچنے کی بات ہے کیونکہ اس ایوان کے ہر ممبر کو یہ محسوس کرنا چاہیے کہ ہمیں وقت پر آنا چاہیے۔ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور ہمیں یہاں وقت ضائع کرنے کی بجائے بروقت اجلاس میں شرکت کرنی چاہئے۔ میں جناب کی بات نہیں کر رہا ہوں کہ بلکہ میں سب ساتھیوں کی بات کر رہا ہوں۔

## جناب سپیکر کا حلف

**جناب سپیکر:** میں آپکی بات سے اتفاق کرتا ہوں ہمیں بروقت اجلاس شروع کرنا ہونگے۔ انشاء اللہ ہم بروقت کارروائی شروع کیا کریں گے۔ اب سپیکر ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے سلسلے میں سیکرٹری اسمبلی اعلان کریں گے۔

**سیکرٹری اسمبلی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پروگرام کے مطابق جناب سپیکر کے انتخاب کے سلسلے میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا وقت کل پانچ بجے شام تھا۔ معینہ وقت گزرنے پر صرف میاں منظور احمد خاں وٹو کے کاغذات نامزدگی وصول ہوئے اور جو پڑتال کے بعد درست پائے گئے۔ لہٰذا قواعد و انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1973ء کے قاعدہ 8(5) کے تحت یہ اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ میاں منظور احمد وٹو بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہو گئے ہیں۔

(تالیاں)

ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے عہدے کا حلف لیں۔

(اس مرحلے پر میاں منظور احمد خان وٹو نے بحیثیت سپیکر اپنے عہدہ کا حلف اٹھایا)

**جناب سپیکر:** لاء منسٹر کچھ ارشاد فرمانا چاہتے ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (سردار نصر اللہ خان دریشک):** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آج کا دن اس ہاؤس کی کارروائی میں ایک تاریخی حیثیت کا حامل ہے۔ جناب والا! میں آپ کو اس

اسمبلی کا تیسری مرتبہ سپیکر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں (نعرہ ہائے تحسین) میرے خیال کے مطابق جناب والا! یہ اعزاز آپ سے پہلے شائد ہی کسی سپیکر صاحب کو حاصل ہوا ہو۔ جناب والا! ! اگر ہوا بھی ہو تو وہ بھی ایک آدھی مثال ہو گی۔ جناب والا! میں اس واقع پر یہ عرض کرونگا کہ جناب 1985ء میں بھی منتخب ہوئے اور بلا مقابلہ منتخب ہوئے تھے اس وقت جو بلا مقابلہ انتخاب ہوا تھا اس بلا مقابلہ انتخاب اور اس موقع پر جو بلا مقابلہ انتخاب ہوا ہے اس میں میں ایک خاصا فرق محسوس کرتا ہوں۔ جناب والا! یہ ایک روایت ہی ہے کہ کسی سپیکر کے خلاف کوئی امیدوار کھڑا نہیں کیا جاتا۔ جنرل الیکشن میں بھی اور ہاؤس کے اندر بھی عام انتخاب میں جناب والا!۔ آپ کے حلقہ انتخاب کے عوام نے 73 ہزار ووٹ آپ کو دیئے اور دو ہزار ووٹ آپکے مخالف کو ملے اس طریقے سے اس علاقے کے عوام نے آپ کو بلا مقابلہ منتخب کرکے بھیجنے کا فیصلہ کیا اور میں اپنے اپوزیشن کے بھائیوں کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے پارلیمانی روایات کو مد نظر رکھتے ہوئے اور ان پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے کسی سپیکر کے خلاف کوئی امیدوار کھڑا نہ کرکے جمہوری روایات کو تقویت پہنچائی ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین) جناب والا! آپ کی بحیثیت سپیکر جو کارکردگی رہی ہے اس ایوان کے در و دیوار اور اس ایوان کا ریکارڈ اس چیز کا شاہد ہے۔ جناب والا! کسی ملک کسی صوبے کی سیاست کا مرکز اسمبلی ہوتی ہے اور اسمبلی کا مرکز سپیکر ہوتا ہے۔ جناب والا! مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ آپ اس عہدہ جلیلہ کے مستحق ہیں اور یہ اس عہدہ کی جو کرسی ہے بجا طور پر فخر کرسکتی ہے۔ جس پر آج پھر تیسری مرتبہ متمکن ہوئے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا! ! ماضی میں جس سیاسی جسارت ' بصیرت ' غیرجانبداری اور صبر و تحمل سے آپ نے پیچیدہ ترین معاملات جو اس اسمبلی میں اٹھتے رہے ہیں۔ ان کو جس خوش اسلوبی سے حل کیا ہے وہ سنہری حروف سے لکھے جائیں گے۔ جناب والا! اس صوبے کی تاریخ میں اتنی بڑی اپوزیشن کبھی نہیں تھی۔ جتنی ہماری 1988ء سے 1990ء تک اپوزیشن تھی۔ جس میں تقریباً سو کے قریب معزز اراکین شامل تھے۔ اور مرکز میں اس پارٹی کی حکومت تھی۔ عوام نے ایک مینڈیٹ دیا تھا۔ اسی قسم کی صورت حال میں جس احسن طریقے سے آپ نے غیر جانبداری سے اپنے فرائض منصبی ادا کئے۔ اس پر اگر آج آپ کو مبارکباد پیش نہ کروں تو میں اپنے فرض میں کوتاہی کرونگا۔ جناب سپیکر! اس دور میں چند ایک ایسے واقعات بھی پیش آئے تھے کہ ایسا لگتا تھا کہ یہ انتہائی ناممکن ہے اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسا کہ ساری دنیا کی بالخصوص اور پاکستان کے عوام کی بالعموم نظریں جمی ہوئی ہیں کہ پنجاب اسمبلی میں جو واقعہ ہوا اب اس Situation سے یہ کس طریقے سے نبرد آزما ہوتے ہیں۔

لیکن آپ کی سیاسی بصیرت اور رہ نمائی میں اس قسم کے اہم اور پیچیدہ ترین مراحل میں بھی ہم نے احسن طریقے سے آپ کی رہ نمائی میں ان مسائل کو نہ صرف حل کیا بلکہ اسے بنیاد بنا کر آئندہ کے لیے ہم نے اور اپوزیشن کے معزز اراکین نے بہتر کارکردگی اور بہتر ماحول بنانے کے لئے ایک دوسرے سے نہ صرف زبانی طور پر بلکہ عملی طور پر تعاون کیا۔

جناب سپیکر! آپ نے اپنے پچھلے دور میں جس طریقے سے اپنی خصوصی کاوشوں سے اس اسمبلی کے سیکرٹریٹ کو علیحدہ سٹیٹس دلوایا۔ گولڈن جوبلی کا انعقاد کیا۔ جس کی ہمارے ملک کی تاریخ میں اپنی ایک منفرد حیثیت تھی۔ جس میں ساری دنیا سے نمائندگان نے آکر شرکت کی اور سراہا۔ آپ نے ممبران ' معزز اراکین کو قواعد و انضباط کار سے واقف کرنے کے لیے سیمینار منعقد کرائے۔ باہم یہ کہ ہوسٹل کی تعمیر کے لیے جس طریقے سے آپ ذاتی طور پر دلچسپی لے رہے ہیں وہ آپ ہی کا حصہ ہے اور جناب والا! سب سے بڑھ کر میں اگر یہاں پر یہ عرض کروں کہ جس طریقے آپ نے اس معزز ہاؤس کے اراکین کے استحقاق کے Custodian کے فرائض انجام دیے ہیں۔ اس کی اس اسمبلی کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ اور اس اسمبلی کے معززاراکین بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں کہ ان کا استحقاق انتہائی محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین) جناب سپیکر! اب ہم تاریخ کے اہم ترین اور نئے موڑ پر کھڑے ہیں۔ ہمارے عوام جنہوں نے ہمیں منتخب کرکے بھیجا ہے۔ جنہوں نے بھرپور مینڈیٹ دیکر حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے منتخب معزز اراکین کو بھیجا ہے۔ عوام کی ہمارے ساتھ بہت سی توقعات وابستہ ہیں اور ہم اس پاک ذات سے دعا کرتے ہیں کہ ہم عوام کی ان توقعات پر اور اس امتحان میں سرخرو ہو کر نکلیں۔ جناب والا! مجھے نہ صرف قوی امید ہے۔ بلکہ یقین ہے کہ جناب والا! اس ہاؤس کے معاملات کو نہایت غیرجانبداری سے استحقاق کے قواعد اور نظم و ضبط قائم کرتے ہوئے چلائیں گے۔

جناب والا! میں آپ کو سہ بارہ سپیکر منتخب ہونے پر ایکبار پھر خوش آمدید کہتا ہوں۔ مبارکباد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اس عظیم منصب پر فائز رہتے ہوئے اللہ تعالیٰ آپ کی رہ نمائی فرمائے اور آپ اس منصب کے ساتھ احسن طریقے سے انصاف کر سکیں۔ میں اپنی طرف سے حزب اقتدار کے معزز اراکین کی طرف سے آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں اور آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس ہاؤس کے معاملات کو احسن طریقے سے چلانے کے لیے حزب اقتدار کا جناب والا! کو بھرپور تعاون حاصل رہے گا اور انشاء اللہ آپ کے ہر فیصلے پر حزب اقتدار کا ہر معزز رکن سرتسلیم خم کرے گا۔ جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں ایک بار پھر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: جناب قائد حزب اختلاف رانا اکرام ربانی صاحب کچھ فرمانا چاہیں گے ؟

رانا اکرام ربانی ( قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب سپیکر! میں اپنی اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے آپ کو سپیکر کے عہدہ جلیلہ پر منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں- جہاں ہماری طرف سے آپ کا بلا مقابلہ انتخاب آپکی خدمات کا اعتراف ہے وہاں یہ اس تعاون کی یقین دہانی بھی ہے کہ اراکین حزب اختلاف جہاں بھی محسوس کریں گے کہ جمہوریت اور جمہوری عمل کو آگے بڑھانے کیلئے جن شخصیات پر ' جن اداروں پر اور جن اقدامات پر ہماری طرف سے غیر مشروط تعاون کی ضرورت ہو گی ' وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس ایوان کو بھی حاصل رہیگا اور آپ کو بھی حاصل ہیں -

(نعرہائے تحسین)

سپیکر کا حلف اٹھانے کے بعد آپ صرف اپنی پارٹی کے سپیکر ہی نہیں رہے- آپ اس ایوان کے تمام اراکین کے استحقاق کے Custodian ہیں - اور مجھے یہ یقین ہے کہ ہم نے آپ کی ماضی کی خدمات اور حسن کارکردگی کی بنا پر آپ کی ذات پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے - خدا کرے کہ وہ مجروح نہ ہو اور اس طرف بیٹھنے والے تمام ساتھی مجروح نہیں ہونے دیں گے - گو وزیر قانون نے الیکشن کاحوالہ دیا ہے ہماری اس بارے میں کچھ Reservations ہیں لیکن میں اس موقع پر ذکر کرکے ایوان کے اندر کسی تلخی کا باعث نہیں بننا چاہتا صرف اتنی عرض کرونگا کہ آپ کو اور اس ایوان کو بھر پور تعاون حاصل رہیگا -

جہاں تک پنجاب کے عوام کی خوشحالی کیلئے کئے جانے والے اقدامات کا تعلق ہے - میں ایک بار پھر آپ کو مبارکباد دیتا ہوں اور اس یقین اور اعتماد کا اظہار کرتا ہوں کہ آپ کی ذات کو ' آپ کے آفس کو اور اس چیز کو تمام اراکین حزب اختلاف کا تعاون حاصل رہے گا - مجھے یقین ہے کہ آپ ہمیں ماضی کی طرح اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرنے کا موقع مہیا کرتے رہیں گے - شکریہ

(نعرہائے تحسین)

جناب سپیکر: جناب غلام حیدر وائیں صاحب کچھ اظہار خیال فرمانا چاہتے ہیں ؟

جناب غلام حیدر وائیں (قائد ایوان ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - آج پاکستان کا سب سے بڑا جمہوری ادارہ اپنے سپیکر کے بلا انتخاب کے بعد اس کو خراج تحسین پیش کر رہا ہے - میں بھی پنجاب

اسمبلی کے ان معزز اراکین کے جذبات میں برابر کا شریک ہوتے ہوئے آپ کے اس عہدہ جلیلہ پر تیسری بار منتخب ہونے پر آپ کو اپنی جانب سے اور اپنے تمام اراکین اسمبلی کے جانب سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) اور خاص طور پر آپ کے بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے قائد حزب اختلاف اور ان کے فاضل اراکین کی سیاسی بصیرت کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! مجھے بھی اس پاکستان کی سب سے بڑی اسمبلی کا رکن منتخب ہونے کی حیثیت سے دوسری بار یہ اعزاز حاصل ہوا ہے ۔ اور میں نے تین سال خود اور گزشتہ بیس ماہ میں تھوڑا سا دور آپ کی کارکردگی بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی بہت قریب سے جھانکنے اور دیکھنے کی کوشش کی ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ فی الحقیقت آپ نے بطور سپیکر پنجاب اسمبلی اپنے گزشتہ دو ادوار میں جس بصیرت ' جس بردباری اور سیاسی صلاحیتوں کے ساتھ اس مقدس ایوان کی روایات اور اس کے تقدس کو بحال رکھنے اور اس میں بہتر روایات قائم کرنے کی روشن اقدار پیدا کی ہیں یقینی طور پر اس دفعہ آپ کا بلا مقابلہ انتخاب آپ کے ماضی کی ان گراں قدر خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں ماضی میں پاکستان میں ہم نے اکثر یہ دیکھا ہے کہ ہم نے وقتی تقاضوں کو نظریات پر ترجیح دی ہے ۔ ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ہم نے اداروں کو مضبوط کرنے کی بجائے افراد کو مضبوط کرنے کی طرف زیادہ توجہ دی ہے ۔ وقت آگیا ہے کہ اب ہم وقتی تقاضوں کی بجائے نظریات کے تحفظ اور افراد کے بجائے اداروں کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے ایک حوصلہ افزا اور صحت مند آغاز کریں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) بابائے قوم قائد اعظم کی گرانقدر پارلیمانی روشن روایات کی روشنی میں ہم پاکستان کے سب سے بڑے جمہوری ادارے کو چلانے کے لیے انکی پارلیمانی روایات کو مشعل راہ بنائیں اور ان کو مشعل راہ بناتے ہوئے اس ادارے میں ایسی روشن روایات قائم کریں کہ جس سے پاکستان کے باقی ادارے بھی رہ نمائی حاصل کرسکیں ۔ مجھے انشاء اللہ امید ہے کہ حزب اقتدار میں بیٹھے ہوئے میرے فاضل اراکین اور حزب اختلاف میں بیٹھے ہوئے ہمارے فاضل اراکین اس پہلو پر خصوصی توجہ دیں گے ۔ اور ہم پنجاب اسمبلی کی کارکردگی ' اس کے نظم و ضبط کی روایات ' اس کی کارکردگی کی روایات کو آگے بڑھاتے ہوئے ایسے روشن چراغ فروزاں کریں گے کہ جس سے پاکستان کی جمہوری تاریخ اس پر فخر کرسکے ۔

جناب سپیکر! میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ ادارہ ہم سے بہت سی توقعات کا طلبگار ہے اور قانون

کی ذمہ داریاں جو اس ادارے کے ہر فاضل رکن حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے
ں پر عائد ہوتی ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس سلسلے میں خاص طور پر آپ کی سپیکر شپ
ور میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف ماضی سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس ایوان کی
قانون سازی کی رونق کو واپس لائیں گے ۔ جس کے عوام ہم سے توقع کرتے ہیں ۔ اس سلسلے
ے جذبات کچھ یوں ہیں اور جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے حزب اقتدار اور حزب
ف کے فاضل اراکین سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ــــــــ

محترم ہو جائے شاید پھر یہ پتھر کا محل
اس کی دیواروں پہ لکھ دو اس کے معماروں کے نام

(نعرہ ہائے تحسین)

کے معماروں میں بہترین کارکردگی کے مقابلوں کی آج ابتدا ہو رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاء
س ایوان کے معماروں میں جب اس مقدس ایوان کی بہترین کارکردگی والے میرے معزز اراکین
اقتدار اور حزب اختلاف کے نام تلاش کرنے کا مورخ پر وقت آئے گا تو اس میں جناب سپیکر!
کی ناقابل فراموش خدمات ' ان معماروں کے نام شامل ہوں گی ۔ میں یہ دیکھا ہے کہ آپ نے
راج کے مطابق حزب اقتدار کے ساتھ ساتھ حزب اختلاف کے فاضل اراکین کو جس صبر اور
کے تحت ماضی میں ان کو اپنے اظہار خیال کا موقع فراہم کرنے کیلئے اور فراخدلانہ مواقع
کیے ہیں ۔ اس صحت مند جمہوری روایات کو آپ آئندہ بھی جاری و ساری رکھیں گے ۔ قطع
بات کے پنجاب کے عوام کے سیاسی شعور اور اس کی بصیرت نے حزب اقتدار کو اتنی بڑی
فرمائی ہے اور حزب اقتدار کو اپنے Mandate سے اتنی قوت دی ہے ۔ اس عددی
قطع نظر' میں صرف اس بات کی آپ سے امید کرتا ہوں کہ آپ حزب اختلاف کے فاضل
ین کے مثبت اور تعمیری اظہار خیالات کے لیے ان کی عددی طاقت سے ہٹ کر انکو مواقع
گے ۔ میں بھی آپ کو یقین دلاتا ہوں نہ صرف اپنی جانب سے بلکہ اپنے ان معزز فاضل
حزب اقتدار کی کرسیوں پر تشریف فرما ہیں کہ ہم حزب اختلاف کی صحت مند تعمیر اور
ونکتہ صرف خوش آمدید کہیں گے بلکہ انشاء اللہ یہ کوشش کریں گے کہ اس سلسلے میں ان
کی باقی نہ رہے ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

امید ہے کہ انشاء اللہ ہم مثبت جذبوں کے ساتھ اپنے نئے دور کا آغاز کریں گے اور اس
کارروائی کو بہتر سے بہتر بنانے کے سلسلے میں اس بات کو کبھی نظر انداز نہیں کریں گے کہ

سازی کی وہ ذمہ داریاں جو اس ادارے کے ہر فاضل رکن حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے کندھوں پر عائد ہوتی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس سلسلے میں خاص طور پر آپ کی سپیکر شپ کے دور میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف ماضی سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس ایوان کی اس قانون سازی کی رونق کو واپس لائیں گے۔ جس کے عوام ہم سے توقع کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں میرے جذبات کچھ یوں ہیں اور جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے فاضل اراکین سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ـــــــ

محترم ہو جائے شاید پھر یہ پتھر کا محل
اس کی دیواروں پہ لکھ دو اس کے معماروں کے نام

(نعرہ ہائے تحسین)

اس کے معماروں میں بہترین کارکردگی کے تقاضوں کی آج ابتدا ہو رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس ایوان کے معماروں میں جب اس مقدس ایوان کی بہترین کارکردگی والے میرے معزز اراکین حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے نام تلاش کرنے کا مورخ پر وقت آئے گا تو اس میں جناب سپیکر! آپ کی ناقابل فراموش خدمات ' ان معماروں کے نام شامل ہوں گی۔ میں یہ دیکھا ہے کہ آپ نے اپنے مزاج کے مطابق حزب اقتدار کے ساتھ ساتھ حزب اختلاف کے فاضل اراکین کو جس صبر اور سیاسی بصیرت کے تحت ماضی میں ان کو اپنے اظہار خیال کا موقع فراہم کرنے کیلئے اور فراخدلانہ مواقع فراہم کئے ہیں۔ اس صحت مند جمہوری روایات کو آپ آئندہ بھی جاری و ساری رکھیں گے۔ قطع نظر اس بات کے پنجاب کے عوام کے سیاسی شعور اور اس کی بصیرت نے حزب اقتدار کو کتنی بڑی قوت عنایت فرمائی ہے اور حزب اقتدار کو اپنے Mandate سے اتنی قوت دی ہے۔ اس عددی تعداد سے قطع نظر میں صرف اس بات کی آپ سے امید کرتا ہوں کہ آپ حزب اختلاف کے فاضل اراکین کو ان کے مثبت اور تعمیری اظہار خیالات کے لیے ان کی عددی طاقت سے ہٹ کر انکو مواقع فراہم کریں گے۔ میں بھی آپ کو یقین دلاتا ہوں نہ صرف اپنی جانب سے بلکہ اپنے ان معزز فاضل اراکین جو حزب اقتدار کی کرسیوں پر آج تشریف فرما ہیں کہ ہم حزب اختلاف کی صحت مند تعمیر اور مثبت تجاویز کو نہ صرف خوش آمدید کہیں گے بلکہ انشاء اللہ یہ کوشش کریں گے کہ اس سلسلے میں ان کی کوئی تشنگی باقی نہ رہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ ہم مثبت جذبوں کے ساتھ اپنے نئے دور کا آغاز کریں گے اور اس اسمبلی کی کارروائی کو بہتر سے بہتر بنانے کے سلسلے میں اس بات کو بھی نظرانداز نہیں کریں گے کہ

عوام نے اس مرتبہ ہمیں منفی ووٹ نہیں دیا مثبت ووٹ دیا ہے اور مثبت ووٹ کا تقاضا یہ ہے کہ ہم منفی پہلوؤں کے لیے اپنا وقت ضائع نہ کریں ۔ شاید ہمارے پاس محاذ آرائی اور منفی باتوں کے لیے وقت ضائع کرنے کا موقع ہی نہیں ہے اور وقت کسی کا انتظام بھی نہیں کیا کرتا ۔ وقت ہم سے مثبت تعمیری اور ایک خوشحال پاکستان اور ایک خوشحال پنجاب کے تقاضوں کو آگے بڑھانے کی توقع کر رہا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ آپ کی سپیکر شپ کے دوران حزب اختلاف میں بیٹھے ہوئے میرے فاضل اراکین بالخصوص اور حزب اقتدار میں بیٹھے ہوئے میرے محترم اراکین بھی اپنی ان تاریخی ذمہ داریوں کو ' اپنی ان جمہوری اور سیاسی ذمہ داریوں کو اپنی پوری بصیرت کے ساتھ سرانجام دینے کے لیے ایک نئے سفر کا آغاز کریں گے ۔ اور پنجاب اسمبلی کی کارکردگی کو پاکستان کی تمام اسمبلیوں سے ایک منفرد مقام فراہم کرنے کے لئے کوشش کریں گے ۔ جناب سپیکر! آپ اپنی وساطت سے مجھے یہ بات نہایت عجز اور انکساری سے عرض کرنے کی اجازت دیں گے کہ

تو بھی بدل فلک کہ زمانہ بدل گیا

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر میں آپ کے بلا مقابلہ تیسری بار اس انتخاب پر ایک بار پھر آپ کو دل کی گہرائیوں سے اپنی جانب سے ' اپنے تمام فاضل اراکین اسمبلی کی جانب سے مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ آپ کی سپیکر شپ میں پنجاب اسمبلی کا دور جمہوری روایات کاایک شاندار دور کہلائے گا ۔ ہم اس عہد کے ساتھ آگے چلیں گے کہ ــــــ

برہم ہوں بجلیاں کہ ہوائیں خلاف ہوں<br>
کچھ بھی ہو اہتمام بہاراں کریں گے ہم

شکریہ

(نعرہ ہائے تحسین)

**جناب سپیکر:** معزز اراکین آج کے پروگرام میں بھی یہ بات شامل ہے اور روایات بھی یہ ہیں کہ قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کی بات ہو جانے کے بعد پھر بات ختم ہو جاتی ہیں ــــــ

**آوازیں:** سارے ہاؤس کی مبارکباد قبول کریں ۔

**خانزادہ تاج محمد خان:** پوائنٹ آف آرڈر ــــــ

**جناب سپیکر:** جی پوائنٹ آف آرڈر۔

KHANZADA TAJ MOHAMMAD KHAN : Sir, we wanted to speak and you should have given the opportunity to the members to express their opinion on your allevation to this august office of the biggest Assembly of Pakistan. That should have been done before. But if you can make an exception, there still should be an opportunity to some of the members of this Assembly to congratulate you and give their opinion on your allegation to the office of Speaker of the biggest Assembly of Pakistan, the Province of Punjab, which constitute more than 56% population of this country.

**جناب سپیکر:** میں آپ کا مشکور ہوں لیکن میں اس پر فیصلہ دے چکا ہوں کہ قائد حزب اختلاف اور قائد ایوان کی بات ہو جانے کے بعد پھر بات کی گنجائش نہیں رہتی۔ کیونکہ اس سے سارا ایوان Cover ہو جاتا ہے۔ وہ آپ کے نمائندہ ہیں اور جناب غلام حیدر وائیں آپکے قائد ایوان کی حیثیت سے اور جناب رانا اکرام ربانی قائد حزب اختلاف کی حیثیت سے اس ایوان کے نمائندہ ہیں۔ انہوں نے اظہار خیال کر لیا ہے۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ مزید کسی کے اظہار خیال کی ضرورت نہیں ہے اور چونکہ اس ایوان میں آج اور بھی کارروائی ہونی ہے ڈپٹی سپیکر کا انتخاب ہوتا ہے۔ اور اس انتخاب کے عمل سے ہم نے گزرنا ہے اور اس پر کافی وقت لگتا ہے۔ اس لیے میں آپ سے یہ کہوں گا کہ آپ اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔

**جناب نذر محمد دگل:** جناب سپیکر! میں اس نظریہ کی بات کرنا چاہتا ہوں جس نظریہ کے تحت یہ ملک بنا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ قانون اور قواعد اسی وقت بنتے ہیں جبکہ ہم نے ایک بنیاد رکھی ہے۔ تو وہ اسی نظریہ کے تابع ہیں۔

**جناب سپیکر:** آپ پوائنٹ آف آرڈر پر یہ بات نہیں کر سکتے ہیں اور آج کی اس کارروائی میں میں آپ سے یہ کہوں گا کہ آپ تشریف رکھیں تاکہ ہم آگے بڑھیں۔ آپ کو بہت سے مواقع میسر آئیں گے۔ آپ فکر نہ کیجئے۔ تشریف رکھیں۔ جی میاں شہباز پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**میاں شہباز احمد:** جناب والا! میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ یہ پاکستان کی سب سے بڑی اسمبلی ہے' جو کہ صوبہ پنجاب کی ہے اور 6 کروڑ 20 لاکھ عوام کے ووٹوں سے یہاں پر لوگ تشریف لائے۔ جب 1988ء میں یہی اسمبلی معرض وجود میں آئی تو بڑا شور اور واویلا مچا تھا

کہ اس کو براہ راست ٹی وی پر نہیں دکھایا گیا۔ اب جبکہ سینٹر اور پنجاب میں آئی جے آئی کی حکومت ہے اور 6 کروڑ 20 لاکھ عوام کے نمائندگی کرنے والے موجود ہیں' اسمبلی کی کارروائی کیوں نہیں دکھائی گئی' جن لوگوں نے ایسا کیا ہے جو ٹی وی ذمہ دار لوگ ہیں ان کو سامنے لایا جائے اور انکو سزا دی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی میاں صاحب آپ تشریف رکھیں'

**جناب چراغ اکبر:** جناب سپیکر! آپ فیصلہ دے چکے ہیں' اس میں مزید بحث کی چونکہ کوئی گنجائش نہیں ہے اس لئے جناب سپیکر! کی رولنگ کے بعد پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہو سکتا ہے۔

**جناب سپیکر:** معزز خواتین و حضرات! آپ نے مجھے ایک بہت بڑا منفرد اور تاریخی اعزاز بخشا ہے کہ مجھے تیسری مرتبہ پاکستان کے اس سب سے بڑے ایوان کا بلا مقابلہ سپیکر منتخب کیا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین) میں اس انتہائی منفرد اعزاز بخشنے کے لیے خدا تعالیٰ کے سامنے سربسجود ہوں جو کہ سب عزتوں کا مالک ہے جو جسکو چاہتا ہے عزتوں اور رفعتوں سے ہمکنار کرتا ہے۔ اور جسے چاہتا ہے اسے ذلتوں کے گڑھوں میں پھینک دیتا ہے۔ اس کے بعد اس معزز ایوان کے انتہائی محترم انتہائی معتبر اور محب وطن اراکین اسمبلی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس عہدہ جلیلہ کے لیے تیسری مرتبہ بھی موزوں پایا اور نہ صرف یہ کہ مجھے موزوں سمجھا بلکہ مجھے پہلے سے زیادہ عزت کے ساتھ نواز اور مجھے بلا مقابلہ سپیکر منتخب کیا۔ (نعرہ ہائے تحسین) اسلامی' جمہوری اتحاد کے پارلیمانی پارٹی جس سے میرا تعلق ہے۔ اس نے مجھے با اتفاق رائے بطور سپیکر تجویز کرکے میرے کندھوں پر بہت بڑی ذمہ داری ڈالی ہے۔ لیکن حزب اختلاف نے میرے مقابلہ میں اپنا امیدوار کھڑا نہ کرکے مجھے جس عزت اور جس احترام کے ساتھ پنجاب اسمبلی کا عہدہ سپیکر منتخب ہونے میں میرا ساتھ دیا ہے اور میرے ساتھ تعاون کیا ہے۔ حزب اختلاف کی اس سیاسی بصیرت' قائد حزب اختلاف اور ان کے رفقاء کی اس مہربانی اور میری ذات پر انکا یقین اور بھروسہ جو ہے اس کے لیے میں انکا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

حضرات گرامی! زندگی ایک بڑا خوبصورت سفر ہے اور اس سفر میں اکثر ایسے موڑ آتے ہیں کہ جس میں آپ پرانے رفیقوں کیساتھ' پرانے ساتھیوں کیساتھ پھر آپکو ہم سفر ہونے کا موقع ملتا ہے۔ آج اس سیاسی اور جمہوری عمل کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی میں میں کچھ دیرینہ رفیقوں کے چہروں کو دیکھتا ہوں۔ 1985ء کے اسمبلی کے چہروں کو دیکھتا ہوں' 1988ء کی اسمبلی کے چہروں کو دیکھتا ہوں

تو مجھے ان میں تدبر متانت ' سنجیدگی ' وقار کی جھلک نظر آتی ہے۔ مجھے ان میں لازوال دوستی کے رشتوں کی جھلک نظر آتی ہے۔ مجھے ان کی آنکھوں میں محبت کی شعائیں نظر آتی ہیں۔ اور مجھے ان کے چہروں سے پیار جھلکتا نظر آتا ہے۔ مجھے یہاں اس اسمبلی میں کچھ نئے چہرے بھی نظر آتے ہیں جنہیں میں دیکھ کر بے حد خوش ہوا ہوں کہ وہ نئے لوگ مجھے پرعزم نظر آئے ہیں ' وہ نئے لوگ مجھے باوقار نظر آئے ہیں۔ مجھے ان کے چہروں سے خوشی اور ایک عزم کی جھلک نظر آتی ہے۔ آگے بڑھنے کا عزم ملک کی تعمیر کا عزم ' اس اسمبلی کی روایات کو خوبصورت بنانے کا عزم ' آج جہاں مجھے اپنے پرانے رفیقوں کے ساتھ مل کر چلنے میں انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ وہیں مجھے اپنے ان نئے ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلنے میں بھی انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے (نعرہ ہائے تحسین) انشاء اللہ تعالیٰ ہم مل کر اس ایوان کی روایات کو تابندہ اور درخشندہ بنائیں گے اور اس میں ایک نیا حسن اور ایک نیا نکھار پیدا کریں گے۔ آج اس موقع پر مجھے کچھ ایسے ساتھی بھی یاد آرہے ہیں جو ہمارے ساتھ 1985ء میں اور کچھ ہمارے ساتھ 1988ء میں رہے لیکن آج وہ اس ایوان میں موجود نہیں ہیں ' ان کی یاد ہمیں تڑپا رہی ہے لیکن معزز حضرات جہاں ہمیں ان بچھڑے ساتھیوں کی یاد تڑپا رہی ہے وہاں ہمیں اس جمہوری اور سیاسی عمل پر ہمارا ایمان پختہ ہوتا ہے اور وہیں پر اس تصور پر ہمارا ایمان پختہ ہوتا ہے کہ اس سیاسی عمل میں بالخصوص اور جمہوری عمل میں کوئی چیز پائیدار نہیں ہوتی ہے اور یہ اقتدار اور یہ عزتیں اور یہ رفعتیں ' یہ ایک ڈھل جانے والا سایہ ہیں۔ اس میں کسی چیز کو ثبات حاصل نہیں ہے۔ ثبات حاصل ہے تو خدا تعالیٰ کی ذات کو ہے۔

حضرات گرامی! جمہوری نظام میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف لازم و ملزوم ہیں۔ جہاں حزب اقتدار رموز مملکت کو چلاتا ہے۔ حکومت کے معاملات کو چلاتا ہے۔ اپنی پارٹی کی پالیسوں پر عملدر آمد کراتا ہے۔ اور وہیں حزب اختلاف کا رول بھی نہایت ہی بنیادی اہمیت کا رول ہے۔ اور حزب اختلاف کا رول مثبت ہو تعمیری ہو تو حکومت کے معاملات ایک عمل سے ہو کر گزرتے ہیں ' حزب اختلاف کی تعمیری تنقید سے ہو کر گزرتے ہیں جس سے ان میں ایک نکھار پیدا ہوتا ہے۔ اور ان میں ایک حسن پیدا ہوتا ہے۔ اور ان معاملات کو مکمل طور پر عوام کی فلاح و بہبود کے لے اس سانچے میں ڈھالا جاسکتا ہے۔ لیکن یہ اسی صورت میں ہے کہ حزب اختلاف اپنا تعمیری اور مثبت رول ادا کرکے تنقید کو اس انداز سے کرے کہ تنقید برائے تنقید نہ ہو بلکہ تنقید برائے تعمیر ہو۔

حضرات گرامی! نمائندگی کا جو اعزاز مجھے ' اس ملک کے اور اس ایوان کے معزز اراکین کو پنجاب کے عوام نے بخشا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑا منفرد اور اعلیٰ اعزاز ہے۔ اس سے اور

کوئی چیز با عزت اور باعث افتخار نہیں ہو سکتی کہ جتنا نمائندگی کا اعزاز ہے۔ آپ میں ایک ایک شخص دو لاکھ افراد کا نمائندہ ہے اور ان لوگوں نے ان غریب لوگوں نے اور ان بے سہارا لوگوں نے ان دکھی لوگوں نے اپنی قسمت آپ کے حوالے کی ہے اور اپنی کشتی کا کھیون ہار آپ کو بنایا ہے۔ آپ پر بھروسہ اور یقین کی ایسی دولت نچھاور کی ہے کہ جس کا کوئی مول نہیں ہو سکتا۔

حضرات گرامی! میں امید کروں گا کہ سب مل کر عوام کی اس انداز سے خدمت کریں گے جس سے حق نمائندگی ادا ہو جائے۔ حدیث نبوی ہے اللہ جن لوگوں کو عزت سے ہمکنار کرتا ہے، جن کے ہاتھوں میں لوگوں کی قسمت دی جاتی ہے، جن کو سلطنت اور شہنشاہی دی جاتی ہے۔ اور جن کو اختیارات دیے جاتے ہیں، اگر وہ اپنے عوام کی بھلائی کے لیے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ٹوٹ کر کام نہیں کرتے تو خداوند تعالیٰ ان لوگوں کو کبھی معاف نہیں کیا کرتے۔

حضرات گرامی! میں آج یہاں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اس معزز ایوان کے قائد ایوان جو پانچ سال کا عرصہ پنجاب اسمبلی کے قائد ایوان رہے، میری مراد میاں نواز شریف سے ہے کہ آج وہ پاکستان کے وزیر اعظم بنے پنجاب اسمبلی کے لیے یہ امر بجا طور پر باعث افتخار ہے (نعرہ ہائے تحسین)

حضرات گرامی! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ سپیکر کی حیثیت سے میں انشا اللہ تعالیٰ اپنے فرائض آئین پاکستان، قواعد و ضوابط کے مطابق اور اس ملک میں سیاسی عمل کو مضبوط کرنے کے لیے، جمہوری عمل کو مستحکم کرنے کے لیے اپنے فرائض کی بجا آوری اپنی انتہائی صلاحیتوں کے مطابق کرتا رہوں گا اور حزب اقتدار اور حزب اختلاف میں جس مفاہمت کی ضرورت ہے اور جس کے بغیر یہ ادارے چل نہیں سکتے۔ جس افہام و تفہیم کی ضرورت ہے اور جس تعلق کی ضرورت ہے میں انشاء اللہ تعالیٰ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے درمیان ایک پل کا کام کرتا رہوں گا۔ اور آپ کے معاملات افہام و تفہیم اور خوش اسلوبی سے چلانے کے لیے میں اپنی انتہائی صلاحیتیں صرف کروں گا۔ میں جناب غلام حیدر وائیں کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس ایوان کا بنیادی کام قانون سازی ہے اور قانون ساز ادارے کی حیثیت سے ہم اپنے فرائض سے اسی طریقے سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں کہ ہم اپنے بنیادی کام کو فراموش نہ کریں۔ کہ قانون سازی کے ذریعے اپنے غریب عوام کی تقدیر کو تبدیل کرنا اور ان کی زندگی کے اندھیروں میں اجالا کرنا ہمارا بنیادی فریضہ ہے۔ اور میں حزب اقتدار سے یہ توقع کروں گا اور بالخصوص قائد ایوان سے کہ ہم پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کے عمل کو تقویت دیں گے۔ اور ہماری تمام تر توجہ کا مرکز قانون سازی کا عمل ہو گا۔ قانون سازی کا عمل ہی ہمارا بنیادی مقصد ہے اس مقصد کے حصول سے ہی ہم اپنے عوام کی بجا طور پر خدمت کر سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ میں یہ کہوں گا کہ قائد ایوان کو اس کے لیے خصوصی اقدامات کرنے ہوں گے کہ وہ قانون سازی کے عمل کو پنجاب اسمبلی میں تیز کر سکیں۔ مجھے اس امر پر ان کی اہل قیادت پر توقع ہے کہ قائد ایوان ایک منجھے ہوئے سیاستدان ہیں۔ انہوں نے ایک عام کارکن کی حیثیت سے اور ایک عام سیاستدان کی حیثیت سے زندگی گزاری ہے۔ اور ایک عام شہری کے دکھوں اور تکلیفوں سے وہ پوری طرح آگاہ ہیں۔ اس لیے مجھے یقین ہے کہ یہ اسمبلی انشاء اللہ تعالیٰ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے عام آدمی کے دکھوں کو کم کرنے کے لیے اور ان کی زندگیوں میں اجالا کرنے کے لیے قانون سازی کے کام کو اہمیت دے گی۔ میں یہ امر بھی قائد ایوان اور پنجاب کے مستقبل کے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ پنجاب کے چیف ایگزیکٹو ہوں گے اور ان اختیارات کا خدا تعالیٰ کی ذات کے بعد یہ ایوان منبع ہے۔ اس سے آپ نے اختیارات حاصل کرنے ہیں۔ انتظامیہ نے اس سے اختیارات حاصل کرنے ہیں اور میں یہ توقع کروں گا کہ یہ ایوان جو اصل اختیارات کا مالک ہے اور انتظامیہ نے جس ادارے سے اختیارات حاصل کرنے ہیں اس ادارے کی عظمت اور اس ادارے کا وقار ہر حالت میں برقرار رکھنا ہے۔ اور اس پنجاب اسمبلی کو اپنی سرگرمیوں کا ایک مرکزی نقطہ بنانا ہے۔ اور میں یہ توقع کرتا ہوں کہ آپ کا دفتر اور آپ کی سرگرمیاں پنجاب اسمبلی کو ایک مرکزی نقطہ بنا کر رکھیں گی۔ آخر میں میں آپ سے عرض کروں گا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس انتخابی عمل کے نتیجے میں جمہوریت کی ایک نئی صبح طلوع ہو چکی ہے۔ اور ہم نے جمہوریت کی اس صبح کے اجالوں کو عام غریب کی جھونپڑی تک پہنچانا ہے۔ ان محروم اور ان بے سہارا لوگوں تک پہنچانا ہے۔ کہ جن کو اس ملک میں انصاف دینے کیلئے' ان کو عدل دینے کیلئے اور احسان دینے کیلئے اور ان سے مساوی سلوک کیلئے سعی کرنی ہے جس کیلئے وہ لوگ مدتوں سے تڑپ رہے ہیں ان کی آرزوں اور امنگوں پر پورا اترنا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو' پاکستان پائندہ باد ——— (نعرہ ہائے تحسین) .....

ایک معزز ممبر پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہوئے۔

جناب سپیکر: جی پوائنٹ آف آرڈر'

ایک معزز ممبر: جناب والا! جب ہم ایوان میں آئے ہیں تو یہ ایک **Pamphlet** سا ہماری نشستوں پر پڑا ہوا پایا گیا ہے۔ یہ اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے نہیں ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ راشی؟ زانی اور شرابی لوگوں کو کابینہ میں نہ رکھا جائے' عوام کے خون سے کارخانے اور فیکٹریاں بنانے

والے کابینہ میں شمولیت کے حقدار نہیں ہیں۔ اسلامی جمہوری اتحاد کے تقدس کو پامال نہ کیا جائے اور اسلامی قانون نافذ کیا جائے ۔ تالیاں ـــــ اس میں میرا پوائنٹ یہ ہے کہ جناب غلام حیدر وائیں صاحب ایک انتہائی باکردار سیاست دان ہیں وہ ان تمام چیزوں کو ملحوظ خاطر رکھیں گے ۔ مجھے سابقہ پارلیمانی روایات کا پتہ نہیں ہے۔ بہرحال اس قسم کے پرچے اسمبلی کے اندر تقسیم نہیں ہونے چاہئیں

## جناب ڈپٹی سپیکر کا انتخاب

**جناب سپیکر:** یہ پرچے تقسیم کرنے کی ہماری یہاں کوئی پارلیمانی روایت نہیں ہے اور نہ ہی اس کی اجازت ہے۔ یہ اپنے طور پر ہی کوئی پرچے لائے ہوں گے ۔ میرے خیال میں کوئی معزز رکن ہی یہ پرچے لائے ہوں گے ۔ میں اس بارے میں آپ کی رائے سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ کوئی پارلیمانی روایت نہیں ہے کہ ایسے پرچے ایوان میں تقسیم کئے جائیں ۔ اب سیکرٹری اسمبلی معزز اراکین کو ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے طریقہ کار کے بارے میں آپ کو بتائیں گے ' آپ خاموشی سے تشریف رکھے ' ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کا عمل شروع ہوتا ہے اور سیکرٹری اسمبلی آپ کو اس کے طریقہ کار سے آگاہ کریں گے ۔

**سیکرٹری اسمبلی:** معزز اراکین ! پروگرام کے مطابق ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے سلسلے میں کاغذات نامزدگی وصول کرنے کا وقت کل 5.00 بجے شام تک تھا۔ جناب مناظر علی رانجھا اور ملک اقبال احمد خان لنگڑیال کے کاغذات نامزدگی مقررہ وقت تک وصول ہوئے اور پڑتال پر درست پائے گئے ۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کا وقت گیارہ بجے شب تک تھا' مذکورہ وقت گزر جانے تک کسی نے بھی کاغذات نامزدگی واپس نہیں لئے ' لہذا باقاعدہ طور پر نامزد کردہ امیدوار جناب میاں مناظر علی رانجھا اور ملک اقبال احمد خان لنگڑیال ہیں ۔ اس لئے ڈپٹی سپیکر کے عہدے کیلئے الیکشن ہوگا۔ جس کا طریقہ کار یہ ہے ۔ حلقہ نیابت کے مطابق جب کسی ممبر معزز رکن کا نام پکارا جائے گا تو متعلقہ رکن سیکرٹری اسمبلی سے بیلٹ پیپر وصول کریں گے ۔ جناب سپیکر کی سیٹ کے پیچھے قائم کردہ بوتھ میں آپ جا کر بیلٹ پیپر پر اپنے پسند کے امیدوار کے نام کے آگے مہر لگائیں گے اور بیلٹ پیپر کو تہہ کر کے سیکرٹری اسمبلی کی میز پر رکھے گئے بیلٹ بکس میں ڈال دیں گے۔ بیلٹ پیپر پر بیلٹ بکس میں ڈالنے اور مہر سیکرٹری اسمبلی کو واپس کرنے کے بعد معزز رکن اپنی نشست پر چلے جائیں گے اور اختتام پولنگ تک اپنی سیٹ پر تشریف فرما رہیں گے ۔

(اس مرحلہ پر ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے لیے ووٹنگ ہوئی اور ووٹنگ کا نتیجہ مرتب کیا گیا)

# جناب ڈپٹی سپیکر کا حلف

**جناب سپیکر:** میاں مناظر علی رانجھا صاحب نے 194 ووٹ حاصل کئے ہیں۔ اور ملک اقبال محمد خان نے 13 ووٹ حاصل کئے ہیں اسلئے میاں مناظر علی رانجھا صاحب کو باضابطہ طور پر ڈپٹی سپیکر کیلئے منتخب قرار دیا جاتا ہے۔ (تالیاں) میں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ وہ اپنے عہدہ کا حلف اٹھائیں۔

(اس مرحلہ پر میاں مناظر علی رانجھا صاحب نے بطور ڈپٹی سپیکر حلف لیا)

**جناب سپیکر:** میں سب سے پہلے جناب ملک محمد اقبال خاں صاحب کو دعوت دیتا ہونگا کہ کیا وہ ارشاد فرمانا چاہیں گے۔

**ملک محمد اقبال خان:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آج کا جو یہ انتخاب ہوا یہ ایک جمہوری عمل کا حصہ ہے جو آپ کی زیر نگرانی اور خوشگوار ماحول اور جمہوری طریقہ سے مکمل ہوا ہے۔ اس میں جناب مناظر علی رانجھا صاحب کامیاب ہوئے میں ان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہاں اسمبلی میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف دوپارٹیز ہوتی ہیں اور اور حزب اختلاف ہی میں سمجھتا ہوں کہ کسی جمہوری ادارے کی روح ہوتی ہے۔ حزب اختلاف اگر نہ ہو تو یہ بالکل ایسے ہی لگتا ہے جیسے ایک جسم میں روح نہیں ہے اور وہ روح کے بغیر جسم ہے تو جناب سپیکر ہم اس ادارے کا تقدس بحال رکھیں گے۔ اور جمہوری روایات کے تحت یہاں اپنا کردار ادا کریں گے۔ اور جناب سپیکر جیسا کہ آج حزب اختلاف نے یہ پہل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ جناب والا! کو یہاں بلا مقابلہ منتخب کیا ہے تو اس کے لئے بھی میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم جمہوری روایات کے مطابق یہاں اپنا کردار ادا کریں گے۔ شکریہ

**جناب سپیکر:** جناب نصراللہ خان دریشک وزیر قانون و پارلیمانی امور کچھ ارشاد فرمانا چاہیں گے؟

**وزیر قانون و پارلیمانی امور** (سردار نصراللہ خان دریشک): جناب والا! میں آپ کے توسل سے محترم مناظر علی رانجھا صاحب کو ڈپٹی سپیکر کے عہدہ پر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر! یہ ہاؤس اور یہ عہدہ ہمارے بھائی کیلئے نیا نہیں ہے۔ ماشاء اللہ وہ 1985ء میں اس ایوان کے معزز رکن اور معزز ڈپٹی سپیکر کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے انجام دے چکے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے اس دور کی اچھی کارکردگی کا نتیجہ تھا جس میں اسلامی جمہوری اتحاد کی ہائی کمانڈ نے ہدیہ تبریک پیش کرتے ہوئے انکو دوبارہ اس منصب جلیلہ کے لئے Nominate کرنے کا فیصلہ کیا ۔ ۔ جناب مناظر علی رانجھا صاحب نے اس دور میں بھی جس خوش اسلوبی ' سیاسی بصیرت اور غیر جانبداری سے ہاؤس کے معاملات کو چلایا اسی کے نتیجے میں آج دوبارہ ان کو یہاں ڈپٹی سپیکر منتخب ہونے کا موقع ملا ہے ۔ جناب والا! اس موقع پر میں جناب مناظر علی رانجھا صاحب کو اپنی طرف سے حزب اقتدار کے ارکان کی طرف سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس ایوان کے امور احسن طریقہ سے انجام دینے کیلئے انہیں میرا اور میرے رفقاء کار کا بھرپور تعاون حاصل رہیگا ۔

جناب سپیکر! اس موقع پر میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمارے حزب اختلاف کے بھائیوں نے اسوقت جو اختلاف رائے کا اظہار کیا ہے ۔ اختلاف رائے جمہوریت کی بنیاد ہے۔ اس طریقے سے جمہوریت کو تقویت ملتی ہے۔ انہوں نے اختلاف رائے قائم کرکے جو کردار ادا کیا ہے اس سے انہوں نے جمہوریت کی خدمت کی ہے اس پر ان کو ہدیہ تبرک پیش کرتا ہوں اور میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ العزیز ان کی جو جائز اختلاف رائے ہو گی اور جو ایسے جائز معاملات ہونگے جن میں اختلاف رائے کریں گے اس سے ہم ہمیشہ راہنمائی حاصل کریں گے ۔ اور جن جائز معاملات کی یہ نشاندہی کریں گے اس سے ہم انشاء اللہ العزیز اپنی اصلاح کریں گے ۔ اور ان کو اپنے ساتھ لیکر چلنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے ۔ آخر میں جناب والا! ایک دفعہ پھر اپنے بھائی جناب مناظر علی رانجھا صاحب کو ڈپٹی سپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ شکریہ ۔

**جناب سپیکر:** جناب رانا اکرام ربانی صاحب ۔۔۔

**رانا اکرام ربانی** (قائد حزب اختلاف)**:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے نئے منتخب ہونے والے ڈپٹی سپیکر کو اپنے اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے بہت بہت مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اور مجھے یقین ہے کہ جیسا کہ وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ 85ء کی اسمبلی میں ان کی کارکردگی ہر لحاظ سے قابل تحسین تھی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری سے ادا کریں گے اور اس سلسلے میں انہیں ہمارا پورا تعاون حاصل رہے گا ۔

آج کا یہ جو عرصہ ہم نے اس انتخاب کے سلسلے میں گزارا یہ ایک جمہوری عمل کا حصہ ہے اور مجھے یقین ہے کہ ڈپٹی سپیکر صاحب کے ذہن میں بھی اس کی اہمیت صرف اسی لحاظ سے رہے گی۔ میں اس میں ایک بات کا اضافہ کرنا چاہوں گا کہ جس طریقے سے جناب سپیکر! آپ کی پارٹی کی طرف سے آپ کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ ہمیں توقع تھی کہ آپ کی کارگزاری کے پیش نظر آپ کی ترقی ہو جائے گی اور مناظر علی رانجھا صاحب کی ترقی ہو جائے گی لیکن ہر پارٹی کے اپنے فیصلے ہوتے ہیں۔ ہم اراکین حزب اختلاف انشاء اللہ تعالیٰ کوشش کریں گے کہ ہاؤس کا ماحول خوشگوار رہے اور اس ماحول میں ہم سب مل کر پنجاب کی کوئی خدمت سرانجام دے سکیں تاکہ ہمیں بھی اپنی کارکردگی پر فخر ہو اور ہمارے Electorate جو ہیں وہ بھی اپنے فیصلوں پر خوش رہ سکیں۔ مہربانی۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب کچھ فرمانا چاہیں گے؟

**میاں مناظر علی رانجھا:** جناب سپیکر! میں سب سے پہلے فخر پاکستان جناب میاں نواز شریف صاحب کا مشکور ہوں جنہوں نے پارلیمانی گروپ کی میٹنگ میں میرا نام بطور ڈپٹی سپیکر تجویز کیا۔

حضور والا! میں جناب غلام حیدر وائیں صاحب کا اور آپ کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھے یہ سعادت بخشی کہ میں آپ کے ساتھ کام کروں۔ میں اپنے معزز ساتھیوں کا اور اپنی بہن کا بھی ممنون ہوں جنہوں نے پارلیمانی گروپ کی میٹنگ میں میرے نام کی منظوری عطا فرمائی اور آج کے انتخاب میں جس انداز سے میرے معزز ساتھیوں نے مجھے کامیاب کرایا۔ میں دل کی گہرائیوں سے ان کا شکر گزار ہوں۔ میں اپنے حزب اختلاف کے ساتھیوں کو بھی یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم الیکشن کی تلخیوں کو بھلا کر انشاء اللہ پاکستان کی ترقی اور اس صوبے کی بہتری کے لیے کام کریں گے۔ میں اپنے تمام بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ نے جو اعتماد اور یقین میری ذات پر کیا ہے۔ میں انشاء اللہ تعالیٰ حتی المقدور کوشش کروں گا۔ کہ وہ آپ کا اعتماد اور یقین میرے اوپر بحال رہے۔ آج جبکہ پاکستان ایک نئی جمہوریت کے راستے پر گامزن ہو گیا ہے۔ فخر پاکستان میاں نواز شریف صاحب پاکستان کے وزیر اعظم بن گئے ہیں۔ اور جناب غلام حیدر وائیں صاحب پنجاب کے وزیر اعلیٰ بننے والے ہیں یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو مزید مضبوطی اور مزید زندگی عطا کرے اور ان کو استحکام بخشے۔

جناب سپیکر! میں آخر میں آپ کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں دل کی گہرائیوں سے آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس قابل سمجھا۔ مجھ پر اعتماد کیا، یقین کیا اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں انشاء اللہ تعالیٰ اپنی بھرپور کوشش کروں گا کہ آپ کی توقعات اور امیدوں پر پورا اتر سکوں۔

میں پھر آپ کا، اپنے تمام دوستوں کا، اپنی بہن کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب سپیکر:** معزز خاتون و حضرات!

میں بھی میاں مناظر علی رانجھا صاحب کے انتخاب کے سلسلے میں اپنے رفقا اور اپنے ساتھیوں کے جذبات میں شامل ہونا چاہتا ہوں۔ میاں صاحب 1985ء سے 1988ء تک میرے ساتھ ڈپٹی سپیکر کے فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں اور جس قدر عمدہ طریقے سے اور باوقار انداز میں میرے ساتھ جس افہام و تفہیم کے ساتھ اور جس مکمل ہم آہنگی کے ساتھ انہوں نے کام کیا ہے۔ مجھے وہ وقت نہیں بھولتا۔ میں یہی محسوس کرتا تھا کہ میرے ساتھ میاں مناظر علی رانجھا صاحب محض ڈپٹی سپیکر کی حیثیت سے نہیں ہیں۔ بلکہ میرے چھوٹے بھائی کی حیثیت سے یہ میرے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین) اچھا انسان چاہے کسی بھی عہدے یا کسی بھی آفس میں ہو اس کی Performance اچھی ہی ہوتی ہے۔ میں نے ان کو جہاں ایک اچھا ڈپٹی سپیکر پایا ہے وہاں میں نے انکو ایک نہایت مخلص ساتھی، نہایت وفادار ساتھی اور نہایت اچھا انسان پایا ہے۔ ان میں اعلیٰ اور اچھے انسان کی تمام خوبیاں موجود ہیں۔ میری ان کے لیے ہمیشہ خواہش اور نیک تمنائیں ہیں کہ اللہ کریم ان کو زندگی میں کامیابیوں اور کامرانیوں سے ہمکنار کرے۔ مجھے ان کے آج ڈپٹی سپیکر منتخب ہونے پر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ حزب اختلاف نے اپنا کرادار ادا کرتے ہوئے اپنا امیدوار کھڑا کرکے اس جمہوری عمل میں بھرپور حصہ لیا ہے۔ اور جس فراخدلی کے ساتھ ملک محمد اقبال خان نے ان کے مدمقابل نے اور قائد حزب اختلاف جناب رانا اکرام ربانی صاحب نے میاں مناظر علی رانجھا کے انتخا پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور ان کو مبارکباد دی ہے۔ یہ بات ان کی عظمت پہ دلالت کرتی ہے اور میر کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہو کہ انہوں نے حسن و خوبی کے ساتھ اس بات کو Take up کیا ہے۔

میں آخر میں پھر اپنے بھائی میاں مناظر علی رانجھا صاحب کو اپنی طرف سے مکمل تعاون جذبوں کے ساتھ، نیک جذبوں کے ساتھ، نیک توقعات کے ساتھ، دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اب یہ دو احکامات ہیں لیکن ان احکامات سے پہلے میں چاہوں گا کہ سیکرٹری اسمبلی کل کے پروگرام کے بارے میں طریقہ کار کا اعلان کریں۔ اس کے بعد میں یہ گورنر پنجاب کے دونوں آرڈرز پڑھ دوں گا۔

**میاں منظور احمد موہل:** جناب سپیکر! ٹائم بڑھا لیں۔

**MR SPEAKER: Time extended for ten minutes.**

**سیکرٹری اسمبلی:** معزز اراکین ! جناب گورنر نے آئین کے آرٹیکل 130 شق 2 (الف) کے تحت ایسے رکن کا تعین کرنے کے لئے جسے اراکین اسمبلی کی اکثریت کا اعتماد حاصل ہو اسمبلی کا خصوصی اجلاس مورخہ 8 نومبر 1990ء صبح 10 بجے طلب فرمایا ہے۔ کوئی بھی رکن آج مورخہ 7 نومبر 1990ء کو 6 بجے شام سے قبل کسی وقت قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کے قاعدہ 16 (ای) گوشوارہ (الف) کے مطابق سیکرٹری اسمبلی کو مذکورہ اجلاس میں ایک ایسی تجویز پیش کرنے کا نوٹس دے سکتا ہے۔ جس کے تحت ایسے رکن کا تعین کرنا مطلوب ہو جسے اراکین اسمبلی کی اکثریت کا اعتماد حاصل ہے۔ اس ضمن میں تجویز نامہ اور دیگر تفصیلات کے لئے سیکرٹری اسمبلی سے رجوع فرمائیں۔ کاغذات کی پڑتال جناب سپیکر کے چیمبر میں شام سات بجے کی جائے گی۔ نامزد امیدواران تجویز کنندہ گان' تائید کنندگان پڑتال کے وقت تشریف لاسکتے ہیں ' متذکرہ خصوصی اجلاس کی فہرست کارروائی قواعد کے مطابق جاری کردی گئی ہے۔

**جناب سپیکر:** تو یہ بات واضح ہو گئی کہ آج شام چھ بجے تک وزیر اعلیٰ کے کاغذات نامزدگی پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کو دے جائینگے اور میرے آفس میں سات بجے ان کی Scrutiny ہوگی۔ جو صاحب تشریف لانا چاہیں یا ان کے نمائندے تشریف لانا چاہیں وہ تشریف لاسکتے ہیں۔

The following orders of the Governor of the Punjab, were read out by Mr. Speaker :

"In exercise of the power conferred by Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I, Mian Muhammad Azar, Governor of the Punjab, hereby prorogue the Provincial Assembly of the Punjab with effect from Wednesday the 7th of November, 1990 after the completion of the business on that day.

Mian Muhammad Azhar
Governor of the Punjab.

In excercise of the powers conferred by Article 109 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I Mian Muhammad Azhar, Governor of the Punjab, hereby summon the Provincial Assembly of the Punjab to meet on Thursday, the 8th November, 1990 at 10.00 a.m. in the Assemoly Chambers, Lahore.

*MIAN MUHAMMAD AZHAR*
*GOVERNOR OF THE PUNJAB*".

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی جمعرات 8 نومبر 1990ء صبح 10 بجے تک کے لئے ملتوی کی گئی)